عقیقہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

حروفِ تہجی کی ترتیب کے مطابق

مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
دارالافتاء، جامعۃ العلوم الاسلامیۃ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

بیت العمار کراچی

عقیقہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

(حروف تہجی کی ترتیب کے مطابق)

مؤلف
مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی
استاذ جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

---

۶ ذی قعدہ ۱۴۳۸ھ مطابق ۳۰ جولائی ۲۰۱۷ء بروز اتوار، مکہ مکرمہ میں حافظ نور العالم کے مکان میں کام شروع کیا، اور ۱۶ ذی قعدہ ۱۴۳۸ھ مطابق ۸ اگست ۲۰۱۷ء بروز منگل مکمل ہوا۔ بمقام مکہ مکرمہ۔

بیت العمار کراچی

جملہ حقوق بحق مؤلف محفوظ ہیں

عَقِیقَہ

کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

مؤلف: مفتی محمد انعام الحق صاحب قاسمی

طباعت: ۱۴۳۹-۲۰۱۷

ای میل: baltulammar2004@gmail.com
qaasmlesencyclopedia2004@gmail.com

ملنے کے پتے

ملک بھر کے مشہور کتب
خانوں میں دستیاب ہیں

ناشر

بیت العمار کراچی

نورانی مسجد گل پلازہ، مارسٹن روڈ کراچی۔ ۷۴۴۰۰
0333-3136872, 0302-2205466
0333-3845224

فہرست

صفحہ نمبر	عنوان
۲۳	حرف آغاز
	☆......الف......☆
۲۷	اپنا عقیقہ بچے کے عقیقہ کے ساتھ کرنا
۲۷	اپنا عقیقہ بڑے ہونے کے بعد کرنا
۲۷	اپنے عقیقے سے پہلے بچی کا عقیقہ کرنا
۲۸	اپنے عقیقے کو اولاد کے عقیقہ سے پہلے لازم سمجھنا
۲۸	اجرت میں دینا
۲۹	اضحیہ کے ایام کے علاوہ گائے میں عقیقہ کا حصہ رکھنا
۳۰	افضل عقیقہ
۳۱	اکیس روز کے بعد عقیقہ کرنا
۳۲	اللہ واسطے چھوڑے ہوئے بکرے
۳۲	انتقال کے بعد عقیقہ کرنا
۳۲	اوجھڑی
۳۳	اولاد کا حق ضائع کرنا
۳۳	اولاد کے عقیقہ سے پہلے اپنا عقیقہ لازم سمجھنا
۳۴	اولاد نافرمان ہوگی
۳۴	اونٹ

عنوان	صفحہ نمبر
○ اون........	۳۳
○ ایام نحر میں عقیقہ کرنا........	۳۵
○ ایک گائے سے ایک بچہ کا عقیقہ کرنا........	۳۵
○ ایک گائے میں سات بچوں کا عقیقہ........	۳۵
○ ایک ہی دن میں مختلف دنوں میں پیدا ہونے والے بچوں کا عقیقہ کرنا.	۳۷
☆......ب......☆	
○ باپ بیٹے کو کچھ دے تو........	۳۸
○ باپ دادا نہیں........	۳۸
○ باپ عقیقہ کا گوشت کھا سکتا ہے........	۳۹
○ باجا........	۳۹
○ بال........	۳۹
○ بال اور بالغہ لڑکی........	۴۱
○ بال ایک ملک میں اتارنا اور جانور کسی اور ملک میں ذبح کرنا........	۴۲
○ بالغہ کا عقیقہ اور اس کے بالوں کا حکم........	۴۳
○ بالغ ہونے کے بعد بھی عقیقہ کرنے میں حکمت........	۴۳
○ بالغ ہونے کے بعد عقیقہ کرنا........	۴۳
○ بال مخصوص جگہ پر اتروانا........	۴۵
○ بالوں کو دفن کرنا........	۴۶

عنوان	صفحہ نمبر
○ بچہ تکالیف و مصائب میں گھرا ہوا ہوتا ہے۔	۴۶
○ بچہ جاہلیت میں پیدا ہوتا تو	۴۷
○ بچے کی پیدائش پر کیا کرنا چاہیے؟	۴۷
○ بچہ گوشت کھا سکتا ہے۔	۴۷
○ بچہ ماں باپ کے کام نہیں آئے گا	۴۸
○ بچہ مر گیا جانور ذبح کرنے سے پہلے	۴۸
○ بچہ نعمت ہے۔	۴۸
○ بچے کے عقیقہ سے پہلے باپ کا عقیقہ ہونا لازم نہیں۔	۵۰
○ بچے کے سر پر زعفران لگانے کا ثبوت	۵۰
○ بچے کے عقیقہ کے ساتھ اپنا عقیقہ کرنا	۵۰
○ بچے کے ہاتھ میں دیا لیکن ماں باپ کو دینا مقصد ہے۔	۵۱
○ بدعت نہیں عقیقہ	۵۱
○ بڑا عقیقہ	۵۱
○ بڑی اولاد کا عقیقہ نہیں ہوا	۵۲
○ بڑی عمر میں عقیقہ	۵۲
○ بڑے جانور سے عقیقہ کرنا	۵۳
○ بڑے جانور میں دو بچوں کا عقیقہ	۵۴
○ بڑے جانور میں عقیقہ کے سات حصے ہیں	۵۴

عنوان	صفحہ نمبر
○ بڑے جانور میں کئی آدمیوں کا شریک ہونا........................	۵۵
○ بڑے جانوروں میں عقیقہ عام دنوں میں بھی ہو سکتا ہے........................	۵۶
○ بکرا........................	۵۶
○ بکرا ایک کافی ہے؟........................	۵۷
○ بکریاں دو بہتر ہونے کی وجہ لڑکوں کے لیے........................	۵۸
○ بکری کے دو بچے دینے پر عقیقہ کا ارادہ کرنا........................	۵۸
○ بکری لڑکی کے لیے اور بکرا لڑکے کے لیے لازم نہیں........................	۵۹
○ بوجھ لادنا........................	۵۹
○ بھائی عقیقہ کرنا چاہے تو؟........................	۵۹
○ بھینس........................	۵۹
○ بیٹے کا عقیقہ کرنے کے لیے باپ کا عقیقہ ہونا ضروری نہیں........................	۵۹
○ بیچنا گوشت........................	۶۰
○ بیوی کی طرف سے عقیقہ کرنا........................	۶۰
☆......پ......☆	
○ پکا کر گوشت تقسیم کرنا........................	۶۱
○ پیدائش پر کیا کرنا چاہیے؟........................	۶۱
○ پیدائش کا دن معلوم نہ ہو........................	۶۱

صفحہ نمبر	عنوان
	☆......ت......☆
۶۳	تبلیغی جماعت والوں کو عقیقہ کا گوشت کھلانا........................
۶۳	تحفہ کے جانور سے عقیقہ کرنا........................
۶۳	تحفہ لینا........................
۶۵	ترتیب ذبح اور حلق میں........................
۶۵	تقریب کی وجہ سے بچہ کو دیا ہے........................
۶۶	تقریب میں جو دیا جاتا ہے........................
۶۷	تقسیم گوشت........................
۶۷	تکالیف و مصائب میں بچہ گھرا ہوا ہوتا ہے........................
۶۷	تمام گوشت مہمانوں کو کھلانا........................
	☆......ج......☆
۶۸	جانور خریدا پھر بچہ فوت ہو گیا........................
۶۸	جانور ذبح کرنے سے پہلے بچہ کا انتقال ہو گیا........................
۶۹	جانور ذبح کرنے کی جگہ........................
۷۰	جانور صدقہ کرنے سے عقیقہ نہیں ہو گا........................
۷۰	جانور متعین کرنے کا حکم........................
۷۰	جاہلیت کا رواج عقیقہ کے بارے میں........................
۷۰	جاہلیت میں بچہ پیدا ہوتا تو........................

عنوان	صفحہ نمبر
جڑواں بچوں کا عقیقہ	۷۱
جس جانور کی قربانی درست نہیں	۷۲
جماعت والوں کو عقیقہ کا گوشت کھلانا	۷۲
☆......چ......☆	
چاچا عقیقہ کرنا چاہے تو؟	۷۳
چاندی صدقہ کرنے کی وجہ	۷۴
چاندی کی بجائے سونا صدقہ کرنا	۷۵
☆......ح......☆	
حسنین رضی اللہ عنہما کے عقیقہ سے فاطمہ رضی اللہ عنہا کو منع کر دیا گیا تھا	۷۶
حق ضائع کرنا	۷۶
حکمت اور ساتویں روز کا حلق	۷۷
حکمت حلق	۷۷
حلق اور ذبح میں ترتیب لازم نہیں	۷۷
حلق بعد میں کرے	۷۷
حلق کرنے کی حکمت	۷۷
☆......خ......☆	
خلوق	۸۰
خنثیٰ کا عقیقہ	۸۰

عنوان	صفحہ نمبر
خون سر پر ملنا........................	۸۲
☆......د......☆	
دادا پوتے کو کچھ دے تو؟........................	۸۳
دادا عقیقہ کا گوشت کھا سکتا ہے........................	۸۳
دادا عقیقہ کرنا چاہے تو؟........................	۸۳
دادی عقیقہ کا گوشت کھا سکتی ہے........................	۸۴
دائی........................	۸۴
دائی ران کے علاوہ گوشت بھی کھا سکتی ہے........................	۸۴
دائی کو ران دینا........................	۸۵
دائی کو ران دینا ضروری نہیں........................	۸۵
ددھیال میں عقیقہ کرے یا ننھیال میں........................	۸۶
دعا........................	۸۶
دعائے عقیقہ دعائے قربانی کے ساتھ........................	۸۸
دعوت عقیقہ میں تحفہ لینا........................	۸۸
دفن کرنا بالوں کو........................	۸۸
دفن کرنا کھال کو........................	۸۹
دن سے مراد کیا ہے........................	۸۹
دو بچوں کا عقیقہ بڑے جانور میں........................	۸۹

صفحہ نمبر	عنوان
۸۹	دودھ
۸۹	دوسرا عقیقہ کرے تو
۹۰	دوسری جگہ عقیقہ کرنا
۹۰	دیر سے عقیقہ کرنے کی صورت میں بال کب اتارے
	☆......ذ......☆
۹۱	ذبح اور حلق میں ترتیب
۹۱	ذبح اور حلق میں ترتیب لازم نہیں
۹۲	ذبح پہلے کرے
۲۹۲	ذبح کرنے کا وقت
	☆......ر......☆
۹۳	رات کو عقیقہ کا جانور ذبح کیا
۹۳	ران اور دائی
۹۴	ران دائی کو دینا
۹۵	ران دائی کو دینے کی حکمت
۹۶	رسم
۹۷	رشتہ داروں کا حصہ متعین نہیں
۹۷	رقم صدقہ کرنا
۹۷	رکن عقیقہ

صفحہ نمبر	عنوان
۹۷	رہن ہونا عقیقہ کے عوض
	☆......ز......☆
۹۹	زعفران بچے کے سر پر لگانے کا ثواب
۱۰۰	زندہ پیدا ہوا تھا پھر فوت ہو گیا
۱۰۰	زندہ جانور صدقہ کرنے سے عقیقہ نہیں ہوگا
	☆......س......☆
۱۰۱	سات اعمال
۱۰۲	ساتویں دن جانور کس وقت ذبح کرے
۱۰۲	ساتویں دن کے حساب کرنے کا طریقہ
۱۰۳	ساتویں دن عقیقہ کیوں کیا جاتا ہے
۱۰۴	ساتویں دن عقیقہ نہ کر سکا
۱۰۴	ساتویں دن کے چھ اعمال
۱۰۴	ساتویں روز حلق کرنے کی حکمت
۱۰۵	سارا گوشت رکھ لینا
۱۰۵	سر اور نائی
۱۰۶	سر پر خون ملنا
۱۰۷	سر پر ملنے کی چیزیں
۱۰۷	سر قصائی کو دینا

عنوان	صفحہ نمبر
سر مونڈتے وقت فوراً جانور ذبح کرنے کا حکم	۱۰۷
سرائی کو دینا	۱۰۸
سفارش اور عقیقہ	۱۰۸
سوار ہونا	۱۰۹
سونا صدقہ کرنا	۱۰۹
سید کو کھال کی رقم دینا	۱۱۰
☆......ش......☆	
شادی کی دعوت میں عقیقہ کا گوشت استعمال کرنا	۱۱۱
شفاعت نہیں کرے گا	۱۱۲
شوہر کا بیوی کی طرف سے عقیقہ کرنا	۱۱۲
☆......ص......☆	
صاحب حیثیت کون ہے؟	۱۱۳
صحابۂ کرام کی طرف سے عقیقہ کرنا	۱۱۴
صحابۂ کرام کے نام سے عقیقہ کرنا	۱۱۴
صندل	۱۱۴
☆......ع......☆	
عام دنوں میں بڑے جانوروں سے عقیقہ کرنا	۱۱۵
"عَقَّ" کا معنی	۱۱۵

عنوان	صفحہ نمبر
عقیقہ	۱۱۶
عقیقہ اور ختنہ میں فرق	۱۱۶
عقیقہ اور قربانی میں فرق	۱۱۷
عقیقہ بدعت نہیں	۱۱۹
عقیقہ پر قربانی موقوف نہیں	۱۱۹
عقیقہ دوسرا کرے تو	۱۱۹
عقیقہ دو مرتبہ کرنا	۱۲۰
عقیقہ دیر سے کرنے کی صورت میں بال کب اتارے	۱۲۱
عقیقہ ساتویں دن کرنے کی وجہ	۱۲۱
عقیقہ سنت ہے یا نہیں؟	۱۲۱
عقیقہ شروع میں واجب تھا	۱۲۲
عقیقہ کا ارادہ کرنا بکری کے دو بچے دینے پر	۱۲۳
عقیقہ کا جانور ذبح کرتے وقت کی دعا	۱۲۳
عقیقہ کا جانور منیٰ میں ذبح کرنا	۱۲۴
عقیقہ کا حصہ قربانی کے جانور میں	۱۲۵
عقیقہ کا حکم قربانی کے مانند ہے	۱۲۵
عقیقہ کا ذمہ دار	۱۲۶
عقیقہ کا راز	۱۲۷

صفحہ نمبر	عنوان
۱۲۷	○ عقیقہ کا شرعی حکم
۱۲۹	○ عقیقہ کا تمام گوشت مہمانوں کو کھلانا
۱۲۹	○ عقیقہ کا گوشت بیچنا
۱۲۹	○ عقیقہ کا گوشت جماعت والوں کو کھلانا
۱۳۰	○ عقیقہ کا گوشت سب کھا سکتے ہیں
۱۳۱	○ عقیقہ کا گوشت قیمہ بنا کر بیچنا
۱۳۱	○ عقیقہ کا گوشت کافر کو دینا
۱۳۱	○ عقیقہ کے گوشت کی تقسیم
۱۳۲	○ عقیقہ کا گوشت وغیرہ اجرت میں دینا
۱۳۲	○ عقیقہ کا گوشت ولیمہ میں استعمال کرنا
۱۳۲	○ عقیقہ کا معنی
۱۳۳	○ عقیقہ کرنے کی جگہ
۱۳۳	○ عقیقہ کرنے کی نذر
۱۳۳	○ عقیقہ کرنے کے دن
۱۳۳	○ عقیقہ کرنے والا عقیقہ کا گوشت کھا سکتا ہے
۱۳۵	○ عقیقہ کروں گا
۱۳۵	○ عقیقہ کس عمر تک ہے؟
۱۳۷	○ عقیقہ کس کے ذمہ ہے

عنوان	صفحہ نمبر
عقیقہ کون کرے	۱۳۸
عقیقہ کہاں کیا جائے	۱۴۰
عقیقہ کیا ہے؟	۱۴۰
عقیقہ کی دعا قربانی کے ساتھ	۱۴۱
عقیقہ کی دعوت میں ہدیہ تحفہ لینا	۱۴۲
عقیقہ کی مدت	۱۴۲
عقیقہ کی نذر	۱۴۲
عقیقہ کی نیت سے خریدے ہوئے جانور	۱۴۳
عقیقہ کی وجہ تسمیہ	۱۴۳
عقیقہ کے اصطلاحی معنی	۱۴۵
عقیقہ کے بارے میں جاہلیت کا رواج	۱۴۵
عقیقہ کے بغیر بچہ سفارش نہیں کرے گا	۱۴۶
عقیقہ کے بغیر بچہ مر جائے	۱۴۶
عقیقہ کے بکروں کی تعداد	۱۴۶
عقیقہ کے جانور	۱۴۷
عقیقہ کے جانور کو بدلنا	۱۴۹
عقیقہ کے جانور کو کب ذبح کیا جائے	۱۴۹
عقیقہ کے جانوروں کی تفصیل	۱۵۰

عنوان	صفحہ نمبر
عقیقہ کے فائدے	۱۵۱
عقیقہ کے گوشت سے نذر پوری کرنا	۱۵۲
عقیقہ کے لغوی معنی	۱۵۷
عقیقہ کے لیے جانور متعین کرنے کا حکم	۱۵۷
عقیقہ مباح ہے	۱۵۷
عقیقہ مستحب ہے	۱۵۸
عقیقہ مکروہ ہے یا نہیں؟	۱۵۹
عقیقہ منسوخ نہیں ہے	۱۶۱
عقیقہ میں افضل جانور	۱۶۲
عقیقہ میں بکری ذبح کرنے کی بجائے قیمت صدقہ کرنا	۱۶۲
عقیقہ میں دو کام ہیں	۱۶۳
عقیقہ میں صاحب حیثیت کون ہے؟	۱۶۳
عقیقہ میں ضروری چیزیں	۱۶۳
عقیقہ میں گابھن جانور ذبح کرنا	۱۶۳
عقیقہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عمل	۱۶۳
عقیقہ نہ کیا جائے تو؟	۱۶۵
عقیقہ نہیں کیا	۱۶۶
عقیقہ ولادت سے پہلے کرنا	۱۶۷

عنوان	صفحہ نمبر
عقیقہ ولیمہ کے ساتھ کرنا	۱۶۷
عقیقے کی اہمیت	۱۶۷
☆......غ......☆	
غریب کے بچے عقیقہ کے بغیر مر گئے	۱۶۹
☆......ف......☆	
فرق ہے لڑکا اور لڑکی کے عقیقے میں	۱۷۰
فوت ہو گیا زندہ پیدا ہونے کے بعد	۱۷۰
☆......ق......☆	۱۷۱
قربانی اور عقیقہ کا حکم یکساں ہے	۱۷۲
قربانی اور عقیقہ میں فرق	۱۷۲
قربانی جائز نہیں جس جانور کی	۱۷۲
قربانی سے پہلے عقیقہ کو ضروری سمجھنا	۱۷۲
قربانی کرنے سے پہلے بچے فوت ہو جائے	۱۷۳
قربانی کے جانور میں عقیقہ کا حصہ اور ساتویں دن کی رعایت	۱۷۳
قربانی کے جانور میں عقیقہ کی نیت سے حصہ خریدنا	۱۷۴
قربانی کے ساتھ عقیقہ	۱۷۵
قربانی میں عقیقہ کا حصہ	۱۷۵
قرض لے کر عقیقہ کرنا	۱۷۵

عنوان	صفحہ نمبر
○ قصائی کو سر دینا........................	۱۷۶
○ قیمت صدقہ کرنا........................	۱۷۶
○ قیمہ خرید کر عقیقہ کرنا........................	۱۷۷
☆......ک......☆	
○ کافر کو گوشت دینا........................	۱۷۸
○ کچا گوشت تقسیم کرنا........................	۱۷۸
○ کچا گوشت نہ لیں تو........................	۱۷۸
○ کن جانوروں سے عقیقہ جائز ہے؟........................	۱۷۹
○ کھال........................	۱۷۹
○ کھال کو دفنانا........................	۱۸۰
○ کھال کی قیمت اپنے مصرف میں لگانا........................	۱۸۰
○ کھال کی قیمت سید کو دینا........................	۱۸۱
○ کھال کی قیمت مسجد میں دینا........................	۱۸۱
○ کئی بچوں کا ایک ساتھ عقیقہ کرنا........................	۱۸۲
☆......گ......☆	
○ گابھن جانور........................	۱۸۳
○ گائے........................	۱۸۳
○ گائے میں سات بچوں کا عقیقہ........................	۱۸۳

عنوان	صفحہ نمبر
○ گنجا کرنے کی حکمت............	۱۸۴
○ گوشت بیچنا............	۱۸۴
○ گوشت پکا کر تقسیم کرنا............	۱۸۵
○ گوشت خرید کر عقیقہ کرنا............	۱۸۵
○ گوشت سارا رکھ لینا............	۱۸۵
○ گوشت کی تقسیم............	۱۸۶
○ گوشت کی تقسیم کیسے کرے............	۱۸۷
☆......ل......☆	
○ لڑکی اور لڑکے کے عقیقہ میں فرق............	۱۸۸
○ لڑکی کے لیے بکری اور لڑکے کے لیے بکرا لازم نہیں............	۱۸۸
○ لڑکے اور لڑکی کے عقیقہ میں فرق............	۱۸۹
○ لڑکے کی طرف سے دو اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری............	۱۸۹
○ لڑکے کا عقیقہ............	۱۹۱
○ لڑکے کے لیے دو بکریاں بہتر ہونے کی وجہ............	۱۹۱
☆......م......☆	
○ ماموں عقیقہ کرنا چاہے تو؟............	۱۹۳
○ ماں اپنی تنخواہ سے عقیقہ کرے تو............	۱۹۳
○ ماں باپ کے عقیقہ کا گوشت کھانا............	۱۹۳

عنوان	صفحہ نمبر
○ ماں کی کمائی سے عقیقہ کرنا........................	۱۹۵
○ متعدد بچوں کا عقیقہ ایک جانور میں........................	۱۹۵
○ متعین جانور کا حکم........................	۱۹۵
○ مختلف دنوں میں پیدا ہونے والے بچوں کا ایک ہی دن عقیقہ کرنا....	۱۹۵
○ مخصوص جگہ سر منڈوانا........................	۱۹۶
○ مذکر ومؤنث جانور برابر ہیں........................	۱۹۷
○ مذکر، مؤنث کا فرق نہیں........................	۱۹۷
○ مرحوم بچہ کا عقیقہ........................	۱۹۷
○ مرحومین کے نام سے عقیقہ کرنا........................	۱۹۷
○ مردہ بچہ کا عقیقہ........................	۱۹۹
○ مر گیا بچہ جانور ذبح کرنے سے پہلے........................	۲۰۰
○ مر گیا عقیقہ کے بغیر........................	۲۰۰
○ مسجد میں کھال کی رقم دینا........................	۲۰۰
○ مکروہ نہیں عقیقہ........................	۲۰۰
○ موت کے بعد عقیقہ کرنا........................	۲۰۱
☆......ن......☆	
○ نابالغ کی ملک........................	۲۰۲
○ نام رکھنا........................	۲۰۲

صفحہ نمبر	عنوان
۲۰۳	○ نانا پر عقیقہ کی ذمہ داری نہیں........................
۲۰۴	○ نانا عقیقہ کا گوشت کھا سکتا ہے........................
۲۰۴	○ نانا عقیقہ کرنا چاہے تو؟........................
۲۰۴	○ ننھیال میں عقیقہ کرے یا ددھیال میں........................
۲۰۴	○ نانی عقیقہ کا گوشت کھا سکتی ہے........................
۲۰۵	○ نائی کو جانور کا سر دینا........................
۲۰۵	○ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عقیقہ........................
۲۰۵	○ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے عقیقہ کرنا........................
۲۰۵	○ نذر اور عقیقہ........................
۲۰۶	○ نذر پوری کرنا........................
۲۰۶	○ نذر کا جانور........................
۲۰۷	○ نذر ماننا عقیقہ کرنے کی........................
۲۰۷	○ نذر والا عقیقہ........................
۲۰۷	○ نر، مادہ کا فرق نہیں........................
۲۰۸	○ نیت........................
	☆......و......☆
۲۰۹	○ والدین عقیقہ کا گوشت کھا سکتے ہیں........................
۲۰۹	○ والدین کے علاوہ کوئی دوسرا عقیقہ کرے تو؟........................

عنوان	صفحہ نمبر
والدین وغیرہ کا متعین حصہ نہیں	۲۰۹
ولادت سے پہلے عقیقہ کرنا	۲۰۹
ولادت کا دن	۲۱۰
ولادت کا دن سات دنوں میں شامل ہے	۲۱۱
ولیمہ کے ساتھ عقیقہ کرنا	۲۱۱
ولیمہ میں عقیقہ کا گوشت استعمال کرنا	۲۱۲
☆......ہ......☆	
ہدیہ کا حکم	۲۱۴
ہدیہ کے جانور سے عقیقہ کرنا	۲۱۴
ہڈیاں نہ توڑنا ضروری نہیں	۲۱۴
ہڈیاں نہ توڑنے کی حکمت	۲۱۵
ہڈی توڑنا	۲۱۵
ی	
یہودی لڑکی کا عقیقہ نہیں کرتے تھے	۲۱۸
یہودیوں میں بھی عقیقہ کا رواج تھا	۲۱۸

حرفِ آغاز

اولاد اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت اور اللہ تعالیٰ کی رحمت کی مظہر اور انسان کے لیے اس کی وارث ہے نسل اور نسب کی بقاء کا ذریعہ ہے، بچپن میں آنکھوں کی ٹھنڈک، جوانی میں معاون اور بڑھاپے میں مخلص سہارا ہے، نیک اور عالم اولاد ماں باپ کے لیے صدقۂ جاریہ اور آخرت میں نیک نامی اور درجات کی بلندی کا ذریعہ ہے۔

اگر اولاد حافظ ہو تو قیامت کے دن اس کے والدین کو حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک تمام انبیاء کرام، تمام صحابہ کرام، تمام اولیاء کرام، تمام بنی آدم اور تمام فرشتوں کے مجمع عام میں ایسا تاج پہنایا جائے گا جس کی روشنی سورج کی روشنی سے بڑھ کر ہوگی۔

اور اگر اولاد عالم ہو تو عزت و احترام کی انتہا ہوگی، اور آخرت میں اولاد کی دعا اور استغفار سے والدین کو نیکیوں کے پہاڑ ملیں گے اور والدین ان نیکیوں کے پہاڑوں کو دیکھ کر حیران ہو جائیں گے، اور جن کی اولاد نہیں ہوگی وہ ان تمام نعمتوں سے محروم رہیں گے، اس سے معلوم ہوا کہ اولاد اتنی بڑی نعمت ہے کہ اس کا صحیح اندازہ لگانا مشکل ہے، اور ہر نعمت پر شکر ادا کرنا بندہ کی ذمہ داری ہے اس لیے شریعت نے اس عظیم نعمت کے شکر کے طور پر عقیقہ کرنے کی ترغیب دی ہے۔

بچے کی پیدائش پر والدین اور اقرباء رشتہ داروں کو بہت زیادہ خوشی ہوتی ہے گھر کی رونق اور رزق میں اضافہ ہوتا ہے، پیار کرنے کے لیے ایک معصوم پھول مل جاتا ہے اس خوشی، فرحت اور قلبی سرور کے شکر کے طور پر عقیقہ کیا جاتا ہے اس سے دوست احباب، فقراء و مساکین اور دیگر رشتہ داروں کی دعا حاصل کی جاتی ہے، جب ان کو عقیقہ کا گوشت ملے گا، اور کھانے کی دعوت ملے گی، تو فطری اور طبعی طور پر ان کے

دل سے بچے کے لیے دعائیں نکلیں گی، اور لوگوں کی دعاؤں کی وجہ سے بچے آسمانی زمینی آفات، بلیات اور بیماری اور حادثات سے محفوظ ہو جاتے ہیں، عقیقہ کی وجہ سے بلائیں ٹل جاتی ہیں، اور بچے بڑے ہو کر ماں باپ کے فرمانبردار ہوتے ہیں اور وہ شیطانی اثرات اور اس کے شر ور فتن سے محفوظ ہو جاتے ہیں اور عقیقہ کی وجہ سے بچے کے والدین، رشتہ دار، دوست احباب اور عام لوگوں کے درمیان تعلق اور محبت کی فضاء پیدا ہوتی ہے، دعوتوں سے لوگوں کے دل ایک دوسرے کے قریب ہوتے ہیں، محبت اور انسیت ہوتی ہے، جھگڑے فساد اختلافات اور رنجشیں ختم ہو جاتی ہیں اور عقیقہ نہ کرنے سے بچہ خیر و بھلائی سے محروم رہتا ہے، آفات، بلیات اور مصائب وحوادث کا شکار ہو سکتا ہے، دنیاوی مشقت اور تکلیف میں بھی مبتلا ہو سکتا ہے، ایسا بچہ بڑے ہو کر ماں باپ کے نافرمان بھی ہوتا ہے، بعد میں ماں باپ پریشان ہو کر روتے ہیں۔

واضح رہے کہ عقیقہ میں بڑا راز بھی ہے، حضرت مولانا انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''فیض الباری'' میں لکھا ہے کہ عقیقہ کا راز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہیں ایک جان عطا کی ہے، لہٰذا تم بھی ایک جانور ذبح کر کے اس کا قرب حاصل کرو، اس لیے عقیقہ اور قربانی دونوں کے جانور میں تمام اعضاء کی سلامتی شرط ہے، فرق صرف یہ ہے کہ قربانی ہر سال ہوتی ہے اور عقیقہ زندگی میں ایک بار ہوتا ہے۔

عقیقہ میں مصلحت بھی ہے، حضرت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ نے اپنی کتاب ''حجۃ اللہ البالغہ'' میں لکھا ہے کہ عقیقہ میں ایک مصلحت یہ بھی ہے کہ باپ اس بچے کو اپنا ہی سمجھتا ہے، چنانچہ عقیقہ کرنا اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ اس شخص کو اپنی بیوی کے چال چلن اور کردار کے بارے میں کوئی شک وشبہ نہیں ہے، اس سے بہت سارے فتنے اور بے شمار الزامات اور تہمت کے دروازے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے بند ہو جاتے ہیں اور معاشرہ، خاندان اور برادری میں بچے کا احترام اور عزت ہوتی ہے اور اس کا ایک

مقام ہوتا ہے۔

عقیقہ کا سلسلہ صرف اسلام کے دور سے شروع نہیں ہوا بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے سے پہلے عربوں کے یہاں جاہلیت کے زمانے سے عقیقہ کا رواج تھا، ان کے یہاں یہ دستور تھا کہ بچہ کی پیدائش کے چند روز بعد نومولود بچے کے سر کے وہ بال جو ماں کے پیٹ سے لے کر پیدا ہوا ہے صاف کرا دیئے جاتے اور اس خوشی میں کسی جانور کی قربانی کی جاتی۔

اسلام میں یہ ہدایت دی گئی کہ بچہ کا عقیقہ کرتے وقت اس کے سر کے بال اتارے جائیں اور بال کے برابر سونا یا چاندی یا ان کی قیمت فقراء مساکین میں صدقہ کردی جائے، اور اس کے سر پر زعفران یا خلوق یا صندل گھس کر لگا دیا جائے۔

اور عقیقہ کے گوشت کو قربانی کے گوشت کی طرح تین حصوں میں تقسیم کیا جائے ایک حصہ گھر میں، ایک حصہ دوست واحباب کو اور ایک حصہ فقراء ومساکین کو دیا جائے، اور کھال فروخت کرنے کی صورت میں قیمت کی رقم فقراء مساکین میں صدقہ کردی جائے۔

یہ عقیقہ کے مختصر احکامات اور فوائد ہیں، لہٰذا تمام صاحب اولاد مسلمانوں کو چاہیے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے استطاعت دی ہے تو اپنی اولاد کا عقیقہ کریں، لڑکے کے لیے دو بکرے یا دو حصے اور لڑکی کے لیے ایک بکرا یا ایک حصہ عقیقہ کریں اور اگر لڑکے کے لیے دو بکرے یا دو حصے کا عقیقہ کرنے کی حیثیت نہیں ہے تو صرف ایک بکرے یا ایک حصہ پر اکتفاء کریں۔

اور عقیقہ کرتے ہوئے مستحب وقت کا خیال رکھیں، اور مستحب وقت پیدائش کا ساتواں دن یا چودھواں دن یا اکیسواں دن ہے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے یہ مختصر کتاب تیار ہوگئی ہے، اس میں عقیقے کے

مسائل، حکمت اور فوائد حروف تہجی کی ترتیب سے موجود ہیں، اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اس کتاب کو بھی دوسری کتابوں کی طرح قبولیت عطا فرمائیں۔ اور لوگوں کو مستفید ہونے کا موقع عطا فرمائیں اور ہدایت کا ذریعہ اور صدقہ جاریہ بنائیں اور دنیا اور آخرت دونوں جہاں میں کامیابی کا ذریعہ بنائیں، آمین بحرمة سيد المرسلين صلى الله عليه وعلى آله وأصحابه اجمعين.

آخر میں ان تمام حضرات کا شکر گزار ہوں جو اس کتاب کی کمپوزنگ تصحیح، تخریج، سیٹنگ اور پروف ریڈنگ میں شامل رہے، اللہ تعالیٰ ان سب کی محنتوں کو قبول فرمائیں اور سب کو اجر عظیم عطا فرمائیں، آمین۔

نوٹ: واضح رہے کہ احناف کی کتابوں میں عقیقہ کے بارے میں زیادہ تفصیلات دستیاب نہیں ہیں اس لئے اس کتاب میں دیگر ائمہ کرام کے مذاہب سے بھی مسائل لئے گئے ہیں۔ ●

کتبہ

محمد انعام الحق قاسمی

دارالافتاء جامعہ علوم اسلامیہ

علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

نزیل مکہ مکرمہ

۱۷ ذی قعدہ ۱۴۳۸ھ - ۱۹ اگست ۲۰۱۷ء بروز بدھ

● وإنما ذكرت هذه الفوائد، وغالبها عن غير الحنفية لكون باب العقيقة مفقودا عندهم فإذا: حتاج أحد إلى فروعه لم يجد في كتب المذهب إلا القليل النادر، فأودعتها ههنا تذكرة للناظر وتبصرة للماهر، ولقد صدق القائل:

كم ترك الأول للآخر ...

(اعلاء السنن: (۱۷/ ۱۲۷)، كتاب الذبائح، باب العقيقة، ط: ادارة القرآن.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

☆......الف......☆

اپنا عقیقہ بچے کے عقیقہ کے ساتھ کرنا

''بچے کے عقیقہ کے ساتھ اپنا عقیقہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔

اپنا عقیقہ بڑے ہونے کے بعد کرنا

آدمی اپنا عقیقہ بڑے ہونے کے بعد بھی کرنا چاہے تو کرسکتا ہے، اس میں کوئی قباحت نہیں ہے۔ ❶

اپنے عقیقے سے پہلے بچی کا عقیقہ کرنا

اپنے عقیقے سے پہلے بچی یا بچہ کا عقیقہ کرنا جائز ہے ❷، اولاد کا عقیقہ صحیح

---

❶ عن الربيع بن صبيح عن الحسن البصري إذا لم يعق عنك فعق عن نفسك وإن كنت رجلا. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح، باب الفضلية ذبح الشاة عند الذبح، (۱۲۱/۱۷)، ط: ادارة القرآن)

⇐ فنقل الرافعي أنه يدخل وقتها بالولادة......ثم قال: والإختيار أن لاتؤخر عن البلوغ، فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه، لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل. (فتح الباري، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، (۵۹۳/۹، ۵۹۵)، ط: دار المعرفة).

⇐ ويسن أن يعق عن نفسه من بلغ ولم يعق عنه. (تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الذبائح، (۲۳۳/۲) مكتبه امداديه).

❷ وذكر محمد رحمه الله تعالى: في العقيقة، فمن شاء فعل ومن شاء لم يفعل. (الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية، الباب الثاني والعشرون في تسمية الأولاد وكناهم والعقيقة، (۳۶۲/۵)، ط: رشيديه)=

ہونے کے لیے باپ کا عقیقہ ہونا ضروری نہیں ہے۔❶

اپنے عقیقے کو اولاد کے عقیقہ سے پہلے لازم سمجھنا

"اولاد کے عقیقے سے پہلے اپنا عقیقہ لازم سمجھنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔

اجرت میں دینا

عقیقہ کے جانور کا سر یا کوئی دوسرا عضو، یا گوشت یا کھال کسی بھی شخص مثلاً قصائی، جانور ذبح کرنے والے، دائی یا نائی یا طباخ وغیرہ کو اجرت کے طور پر دینا جائز نہیں ہے، اجرت کے بغیر دینے میں یہ تفصیل ہے کہ جہاں اس کا رواج نہ ہو وہاں دینے میں کوئی حرج نہیں ہے،❷ اور جہاں اس طرح اجرت کے طور پر

= ⇦ قال في السراج الوهاج في كتاب الأضحية ماتصه: مسألة: العقيقة تطوع إن شاء فعلها وإن شاء لم يفعل. (تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الذبائح، (۲/۲۳۳)، ط: امداديه).

⇦ الدر مع الرد، كتاب الأضحية، (۶/۳۲۶)، ط: سعيد

❶ فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل ونقل في نص الشافعي في البويطي أنه لايعق عن كبير... (فتح الباري، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، (۹/۵۹۵)، ط: دار المعرفة).

⇦ المجموع شرح المهذب، كتاب الحج، باب العقيقة، (۸/۴۱۲)، ط: مكتبة الإرشاد).

⇦ أوجز المسالك، كتاب العقيقة، (۱۰/۱۷۸)، ط: دار القلم، دمشق.

❷ ولايعطى أجر الجزار منها لأنه كبيع.

قوله: واستفيدت إلخ) ...... ولايعطى أجر الجزار منها، لقوله عليه الصلاة والسلام لعلي رضي الله تعالى عنه: تصدق بجلالها وخطامها ولاتعط أجر الجزار منها شيئا. (الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الأضحية، (۶/۳۲۸، ۳۲۹)، ط: سعيد).

⇦ عن الحسن أنه قال: يكره أن يعطى جلد العقيقة والأضحية على أن يعمل به، قلت: معناه يكره أن يعطى في أجرة الجزار والطباخ. (تحفة المودود بأحكام المولود، الباب السادس في العقيقة وأحكامها، (ص: ۷۰)، الفصل العشرون في حكم جلدها وسواقطها، ط: دار الكتب العلمية). =

دینے کا رواج ہے یا وہ لوگ اسے اپنا حق سمجھتے ہوں وہاں دینا جائز نہیں ہے یہ بھی اجرت ہی بنتی ہے۔ ❶

اضحیہ کے ایام کے علاوہ گائے میں عقیقہ کا حصہ رکھنا

اضحیہ کے ایام کے علاوہ دوسرے ایام میں بھی گائے سے عقیقہ کرنا جائز ہے بشرطیکہ بقیہ حصوں میں بھی قربت وعبادت کی نیت ہو۔ ❷

= ⇐ قوله: ولايعط أجرة الجزار .إلخ)اما لو اعطاه لفقره اوعلى وجه الهدية،فلاباس به، (حاشية الشلبي على تبيين الحقائق، كتاب الأضحية،(٦/ ٩)،ط: امداديه ملتان).

⇐ ولا يجوز إعطاء الجزار أو الذابح جلدها أوشيئا منها كاجرة للذبح ،لما روى على رضى الله عنه:قال: أمرنى رسول الله صلى الله عليه وسلم ان أقوم على بدنه(اى عند نحرها) وان أقسم جلودها وجلالها،والا أعطى الجازر شيئا منها،وقال نحن نعطيه من عندنا.فإن أعطى الجزار شيئا من الأضحية لفقره اوعلى سبيل الهدية،فلاباس لأنه مستحق للأخذ فهو كغيره. (الفقه الاسلامى وأدلته،الباب الثامن: الأضحية والعقيقة،الفصل الأول:الأضحية، المبحث السادس: احكام لحوم الضحايا،(٣/ ٢٧٣١)،ط:در الفكر).

❶ لأن المعروف كالمشروط،وهو ممايعين المنع.(شامى، كتاب الرهن، (٦/ ٤٨٢)، ط:سعيد).

⇐ المعروف عرفا كالمشروط شرطا.(شرح المجلة لسليم رستم، المادة: ٤٣،المقالة الثانية:فى بيان القواعد الكلية الفقهية،(١/ ٣٠)، ط: مكتبه فاروقية).

⇐ شامى، كتاب الهبة،(٥/ ٦٩٦)،ط:سعيد.

❷ وليس لها(اى للعقيقة)من العام وقت معين ،فهى مرتبطة بولادة المولود فى أى وقت من العام،واماالأضحية فإنها تذبح...... فى أيام النحر،وهى وقتها. (الموسوعة الفقهية،حرف العين،العقيقة، (٣٠/ ٢٧٦)،ط:دار الصفوة،مصر).

⇐ إعانة الطالبين، كتاب الحج،مطلب: العقيقة،(٢/ ٣٣٦)، ط:دارإحياء التراث العربى).

⇐ قد علم أن الشرط قصد القربة من الكل،وشمل مالوكان أحدهم مريدا للأضحية عن عامه واصحابه عن الماضى،تجوز الأضحية عنه،(رد المحتار، كتاب الأضحية، (٦/ ٣٢٦)، ط:سعيد).

⇐ ووجه الفرق ان البقرة تجوز عن سبعة بشرط قصد الكل القربة، واختلاف الجهات فيها لايضر.(تبيين الحقائق، كتاب الأضحية،(٦/ ٤٨٣)،ط:دار الكتب العلمية،بيروت).

افضل عقیقہ

بکرا بکری، مینڈھے اور دنبے سے عقیقہ کرنا افضل ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ عنہما کی طرف سے عقیقہ میں مینڈھا ذبح کیا تھا اس سے معلوم ہوا کہ عقیقہ میں مینڈھا ذبح کرنا افضل ہے۔ ❶
ایک عورت نے اونٹ کے ذریعہ عقیقہ کرنے کی نذر مانی تھی، حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ سنت طریقہ افضل ہے یعنی بچے کی طرف سے دو بکریاں اور بچی کی طرف سے ایک بکری ذبح کی جائے، اس سے معلوم ہوا کہ بکرے یا بکری کو عقیقہ میں ذبح کرنا افضل ہے۔ ❷

---

❶ والكلام إنما هو في الأجزاء، وأما الأفضلية فلاشك أنها في الغنم لحديث عائشة المذكور في المتن، ولمارويناه من طريق عبدالرزاق عن ابن جريج أخبرني يوسف بن مالك أنه دخل على حفصه بنت عبدالرحمن بن أبي بكر وقد ولدت للمنذر بن الزبير غلاما، فقلت لها: هلا عققت جزورا على ابنك؟ قال: معاذ الله! كانت عمتي عائشة تقول: على الغلام شاتان وعلى الجارية شاة ... فإن غاية ماله كون الشاة فيها أفضل والله تعالى أعلم......
قلت وينبغي أن يكون الأفضل في الغلام الكبش لماورد في عقيقة الحسن والحسين رضي الله عنهما والشاة يعم الذكر والأنثى جميعا. (اعلاء السنن، كتاب الذبائح باب العقيقة، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة، (١١٧/١٧)، ط: ادارة القرآن).
⇦ وعن ابن عباس أن رسول الله صلى الله عليه وسلم عق عن الحسن والحسين كبشا كبشا رواه أبوداود والنسائي ولفظ النسائي بكبشين. (تحفة المودود بأحكام المولود، الباب السادس في العقيقة وأحكامها، الفصل الثالث في أدلة الاستحباب، (ص: ٣٩)، ط: دار الكتاب العربي).
⇦ أوجز المسالك، كتاب العقيقة، (١٩٣/١٠)، ط: دار القلم، دمشق).
❷ عن أم كرز وأبي كرز قالا: نذرت امرأة من آل عبدالرحمن بن أبي بكر إن ولدت امرأة عبدالرحمن نحرنا جزورا، فقالت عائشة رضي الله تعالى عنها: لا بل السنة أفضل، عن الغلام شاتان مكافئتان وعن الجارية شاة. الحديث (مستدرك الحاكم، (٢٦٦/٣)، كتاب الذبائح، (رقم الحديث: ٧٥٩٥)، ط: دار الكتب العلمية، بيروت).
⇦ اعلاء السنن، كتاب الذبائح باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة، (١١٥/١٧، ١١٦)، ط: إدارة القرآن).
⇦ المحلى لابن حزم، كتاب العقيقة، (٥٢٨/٧)، ط: ادارة الطباعة المنيرية).

نوٹ: بھیڑ، دنبہ بکری مینڈھے کی جنس میں سے ہے۔ ❶

اکیس روز کے بعد عقیقہ کرنا

بچے کی ولادت کے ساتویں روز، یا چودھویں روز یا اکیسویں روز عقیقہ کرنا مستحب ہے، اگر اتفاق سے یا کسی وجہ سے اکیسویں روز عقیقہ نہیں کرسکا تو موت سے پہلے پہلے تک کرنا بھی جائز ہے۔ ❷

---

❶ فأما البقر والجواميس فجنس واحد وكذا المعز مع الضأن. (الهداية، كتاب البيوع، باب الربا، (۳/۸۹)، ط: رحمانيه).

⇐ أن مايكون أصله جنسا واحدا كالبقر مع الجواميس والعراب مع البخاتي والمعز مع الضأن فلبنهما جنس واحد ودليل اتحاد جنس الأصل تكميل نصاب البعض بالبعض في باب الزكاة. (المبسوط للسرخسي، كتاب البيوع، (۱۲/۱۷۷)، ط: دار المعرفة).

⇐ لحم البقر والجواميس جنس واحد وكذا المعز مع الضأن..... لايجوز فيه التفاضل لأنها جنس واحد، وإن اختلفت ألوانها. (الجوهرة النيرة، كتاب البيوع، باب الربا، (۱/۲۶۱)، ط: حقانيه).

❷ فنقل الرافعي أنه يدخل وقتها بالولادة... ثم قال: والاختيار أن لاتؤخر عن البلوغ، فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه، لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل (فتح الباري: (۹/۵۹۴)، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، ط: دار المعرفة، بيروت).

⇐ قال: أخبرني عبدالملك في موضع آخر: أنه قال لأبي عبدالله: فيعق عنه كبيرا، قال: لقد أسمع في الكبير شيئا، ثم قال لي: ومن فعله فحسن. (تحفة المودود بأحكام المولود، (ص: ۷۲)، الباب السادس: في العقيقة وأحكامها، الفصل التاسع عشر: في حكم من لم يعق عنه أبواه هل يعق نفسه إذا بلغ؟، ط: دار الكتاب العربي، بيروت).

⇐ ثم إن الترمذي أجاز بها إلى يوم إحدى وعشرين، قلت: بل يجوز إلى أن يموت. (فيض الباري، كتاب العقيقة، (۴/۳۳۷)، ط: رشيديه).

⇐ ووقتها بعد تمام الولادة إلى البلوغ......... ويسن أن يعق عن نفسه من بلغ ولم يعق عنه. (تنقيح الفتاوى الحامدية، (۲/۲۳۳)، كتاب الذبائح، ط: مكتبه ميمنيه مصر).

اللہ واسطے چھوڑے ہوئے بکرے

اگر کسی نے ایک بکرا اللہ واسطے کا چھوڑ رکھا ہے، اس کے بعد اس کے پاس لڑکا پیدا ہوا ہے، تو اس بکرے کو عقیقہ میں ذبح کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اس بکرے کی مستقل طور پر نذر ہو گئی ہے، اور نذر کے بکرے سے عقیقہ کرنا جائز نہیں ہے۔●

انتقال کے بعد عقیقہ کرنا

''مرحوم بچہ کا عقیقہ'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص:۱۹۷)

اوجھڑی

عقیقہ کے عام گوشت کی طرح اوجھڑی کا کوئی مصرف متعین نہیں ہے کسی کو دینا چاہے تو دے سکتا ہے، اور خود بھی کھانا چاہے تو کھا سکتا ہے جیسا کہ قربانی میں اختیار ہے۔❷

● (نافذ لمعينة) قال في البدائع: أما الذي يجب على الغني والفقير فالمنذور به بان قال: لله علي أن أضحي شاة أو بدنة أو هذه الشاة أو البدنة أو قال: جعلت هذه الشاة أضحية، لأنها قربة من جنسها إيجاب...... فتلزم بالنذر كسائر القرب والوجوب بالنذر يستوي فيه الغني والفقير......

واعلم أنه قال في البدائع: ولو نذر أن يضحي شاة وذلك في أيام النحر وهو موسر فعليه أن يضحي بشاتين عندنا شاة بالنذر وشاة بإيجاب الشرع ابتداء إلا إذا عنى به الإخبار عن الواجب عليه فلا يلزمه إلا واحدة ولو قبل أيام النحر لزمه شاتان بلا خلاف.

رد المحتار: (٦/ ٣٢٠)، كتاب الأضحية، ط: سعيد.

⇐ بدائع الصنائع: (٣/ ١٩٢)، كتاب التضحية، ط: رشيديه.

⇐ الفتاوى الهندية: (٥/ ٢٩١)، كتاب الأضحية، الباب الأول، ط: رشيديه.

❷ وسبيلها في الأكل والهدية والصدقة سبيل الأضحية. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح، باب العقيقة ذبح الشاة في العقيقة: (١٧/ ١٢٧)، ط: ادارة القرآن).

⇐ أوجز المسالك، كتاب العقيقة: (١٠/ ١٩٧، ١٩٨)، ط: دار القلم، دمشق. =

اولاد کا حق ضائع کرنا

"حق ضائع کرنا" عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۷۶)

اولاد کے عقیقہ سے پہلے اپنا عقیقہ لازم سمجھنا

بعض لوگوں کا خیال ہے کہ اگر اپنا عقیقہ نہیں ہوا تو اولاد کا عقیقہ نہیں کر سکتے پہلے اپنا عقیقہ کرنا ہوگا پھر اولاد کا، یہ بات درست نہیں، اگر اپنا عقیقہ اب تک نہیں ہوا تو بھی اولاد کا عقیقہ کرنا صحیح ہے، اس میں کوئی مضائقہ نہیں، ❶ باقی اپنا عقیقہ بھی کر لینا چاہیے۔ ❷

= ⇐ وہر چہ در اضحیہ معتبر است از شرائط و احکام در عقیقہ نیز معتبر است (اشعۃ اللمعات، کتاب الصید والذبائح، باب العقیقۃ، (۴۸۰/۳)، ط: منشی نول کشور لکھنؤ)۔

⇐ امداد الفتاوی، کتاب الذبائح والاضحیۃ والصید والعقیقۃ، فصل فی الصید والعقیقۃ، (۶۲۰/۳)، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی۔

❶ قال في السراج الوهاج في كتاب الأضحية ماتصه: مسألة العقيقة تطوع إن شاء فعلها وإن شاء لم يفعل. (تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الذبائح، (۲۳۲/۲)، ط: امداديه).

⇐ فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل. ونقل في نص الشافعي في البويطي: أنه لا يعق عن كبير. (فتح الباري، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، (۵۹۵/۹)، ط: دار المعرفة، بيروت).

⇐ أوجز المسالك، كتاب العقيقة، (۱۷۸/۱۰)، ط: دار القلم، دمشق.

❷ عن الربيع بن صبيح عن الحسن البصري إذا لم يعق عنك، فعق عن نفسك وإن كنت رجلا. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة، (۱۲۱/۱۷)، ط: إدارة القرآن).

⇐ ويسن أن يعق عن نفسه من بلغ ولم يعق عنه. (تنقيح الفتاوى الحامدية، كتاب الذبائح، (۲۳۳/۲)، ط: مكتبه امداديه).

⇐ الفتاوى الكاملية، كتاب الذبائح، (ص: ۲۳۰)، ط: مكتبة القدس.

اولاد نافرمان ہوگی

جس بچے کا عقیقہ نہیں کیا جاتا ہے وہ والدین کا نافرمان ہوتا ہے، اس لیے جو شخص یہ چاہتا ہے کہ بڑھاپے میں اس کی اولاد نافرمان نہ ہو تو بچپن میں اس کی طرف سے عقیقہ کرلیا کرے، کیونکہ والد کا قدرت واستطاعت کے باوجود بچے کا عقیقہ نہ کرنا اولاد کی نافرمانی کا سبب ہے۔ ❶

اونٹ

''گائے'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۸۳)

اون

عقیقہ کرنے کی نیت سے جانور خریدنے کے بعد ذبح کرنے سے پہلے اس کی اون اس نیت سے کاٹنا کہ خود استعمال کرے گا مکروہ ہے، اور اگر کاٹ دی تو اسے صدقہ کردینا ضروری ہے، البتہ ذبح کرنے کے بعد اس کی اون وغیرہ سے خود فائدہ حاصل کرنا درست ہے، اس کا حکم کھال والا ہے جس طرح کھال خود استعمال کرسکتا ہے اون کو بھی خود استعمال کرسکتا ہے اور اگر اون بیچ دی تو رقم صدقہ

---

❶ ومن حديث عمرو بن شعيب عند أبي داود والنسائي قال: "لاأحب العقوق" لأن أصله مخالفة أحد الأبوين بما يؤذيهما. وقال القاري: معناه لمن شاء أن لايكون ولده عاقاله في كبره فليذبح عنه عقيقة في صغره: لأن عقوق الوالد يورث عقوق الوالد، ولا يحب الله العقوق وهذا توطئة لقوله: "ومن ولد له ولد"...إلخ (أوجز المسالك، كتاب العقيقة، تحت رقم الحديث: ١٠٣٣، (١٠/ ١٧٣، ١٧٥)، ط: دار القلم، دمشق).

⇐ مرقاة المفاتيح، كتاب الصيد والذبائح، باب العقيقة (٨/ ٩٠)، الفصل الثاني، ط: رشيديه.

⇐ التعليق الصبيح، كتاب الصيد والذبائح، باب العقيقة (٣/ ٣٥٨)، الفصل الثاني، ط: رشيديه.

کر دینا ضروری ہے۔❶

ایام نحر میں عقیقہ کرنا

ایام نحر میں عقیقہ کرنا درست ہے۔❷

ایک گائے سے ایک بچہ کا عقیقہ کرنا

"گائے" عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۸۳)

ایک گائے میں سات بچوں کا عقیقہ

ایک گائے میں سات زندہ بچوں کا عقیقہ کرنا جائز ہے،❸ مردہ بچوں کا

---

❶ ولو اشترى شاة للأضحية،فيكره أن يحلبها أو يجز صوفها، فينتفع به، لأنه عينها للقربة، فلايحل له الانتفاع بجزء من أجزائها ..... فإن حلب تصدق باللبن..... وإن تصدق بقيمته جاز؛ لأن القيمة تقوم مقام العين،و كذلك الجواب في الصوف والشعر والوبر،ويكره له بيعها لما قلنا.(بدائع الصنائع، كتاب التضحية،فصل وأما بيان مايستحب قبل التضحية وعندها وبعدها ومايكره،(۷۵/۵)،ط:سعيد).

⇐ الدر مع الرد، كتاب الأضحية،(۳۲۹/۶)،ط:سعيد.

⇐ الفتاوى الهندية، كتاب الأضحية،الباب السادس في بيان مايستحب في الأضحية والانتفاع بها،(۳۰۰/۵،۳۰۱)،ط:رشيديه.

⇐ (فإن بيع اللحم أو الجلد به)أى بمستهلك(أو بدراهم تصدق بثمنه).(الدر مع الرد، كتاب الأضحية،(۳۲۸/۶)،ط:سعيد).

❷ وتفارق(أى العقيقة)الأضحية في بعض الأحكام، وهو أنه لايجب إعطاء الفقراء منها قدر متمول نيئا..... وفي أنها لاتتقيد بوقت بخلاف الأضحية في جميع ذلك.(إعانة الطالبين للبكرى، كتاب الحج،مطلب:العقيقة،(۳۳۶/۲)،ط:دار إحياء التراث العربى).

⇐ حاشية الباجورى، كتاب أحكام الصيد والذبائح والضحايا والأطعمة،فصل في أحكام العقيقة،(۳۰۳/۲)،ط:دار إحياء التراث العربى)

⇐ وليس لها(أى للعقيقة)من العام وقت معين،فهى مرتبطة بولادة المولود في أى وقت من العام.(الموسوعة الفقهية،حرف العين،عقيقة،(۲۷۶/۳۰)،ط:دار الصفوة،مصر).

❸ عن جابر رضي الله تعالى عنه أن النبى صلى الله تعالى عليه وسلم قال: البقرة عن سبعة والجزور عن سبعة.(مشكاة المصابيح، كتاب الصلاة،باب في الأضحية، الفصل الأول، (۱۲۷/۱)،ط:قديمى).=

عقیقہ نہیں ہوتا اس لیے گائے میں مردہ بچوں کے عقیقے کو شامل نہ کیا جائے ❶ البتہ ان کے لئے قربانی کے ایام میں قربانی کی نیت سے حصہ ڈالنا درست ہے۔ ❷

= ⇦ ولا یجوز بعیر واحد ولا بقرة واحدة عن أکثر من سبعة، ویجوز ذلک عن سبعة أو أقل من ذلک، وهذا قول عامة العلماء...... لما روی عن رسول الله صلی الله تعالیٰ علیه وسلم: البدنة تجزی عن سبعة، والبقرة تجزی عن سبعة (بدائع الصنائع، کتاب التضحیة، فصل فی محل إقامة الواجب، (۲۰۶/۴، ۲۰۷)، ط: رشیدیه).

⇦ الفتاوی الهندیة، کتاب الأضحیة، الباب الثامن فیما یتعلق بالشرکة فی الضحایا، (۳۰۴/۵)، ط: رشیدیه.

⇦ یتأدی أصل السنة عن الغلام بشاة أو بسبع بدنة أو بقرة، لأنه علیه الصلاة والسلام عق عن الحسن والحسین کبشا کبشا والحق به سبع بدنة أو بقرة. (حاشیة الباجوری علی ابن قاسم الغزی، کتاب أحکام الصید والذبائح والضحایا والأطعمة، فصل فی أحکام العقیقة، (۳۰۳/۲)، ط: دار احیاء الکتب العربیة).

⇦ ولو ذبح بدنة أو بقرة عن سبعة أولاد أو اشترک فیها جماعة جاز سواء أراد کلهم العقیقة أو بعضهم العقیقة. (إعلاء السنن، کتاب الذبائح، باب أفضلیة ذبح الشاة فی العقیقة، (۱۱۹/۱۷)، ط: ادارة القرآن).

⇦ المجموع شرح المهذب، کتاب الحج، باب العقیقة، (۳۰۹/۸)، ط: مکتبة الإرشاد.

❶ ثم إن الترمذی أجاز بها إلی یوم إحدی وعشرین، قلت: بل یجوز إلی أن یموت. (فیض الباری، کتاب العقیقة، باب إماطة الأذی عن الصبی فی العقیقة، (۳۳۷/۴)، ط: رشیدیه).

⇦ فتاویٰ رحیمیہ، کتاب الاضحیۃ، باب العقیقۃ، عنوان: ''مرحوم بچے کے عقیقہ کے متعلق ایک اشکال کا جواب''، ط: دار الاشاعت، کراچی۔

⇦ احسن الفتاویٰ، کتاب الاضحیۃ والعقیقۃ، عنوان: ''بالغ ہونے اور انتقال کے بعد عقیقہ کرنا''، (۵۳۶/۵)، ط: سعید۔

❷ ولکن الأحوط أن ینوی عن الصغیر المیت الأضحیة، فإنها تقوم مقام العقیقة أیضا. قال الحافظ فی الفتح: وعند عبدالرزاق عن معمر عن قتادة: "من لم یعق عنه أجزأته أضحیته". وعند ابن أبی شیبة عن محمد بن سیرین والحسن: "یجزی عن الغلام الأضحیة من العقیقة". (امداد الاحکام، کتاب الصید والذبائح والاضحیۃ والعقیقۃ، عنوان: عقیقہ کے متعلق چند سوالات، (۲۳۵/۴)، ط: مکتبہ دار العلوم کراچی)۔

ایک ہی دن میں مختلف دنوں میں پیدا ہونے والے بچوں کا عقیقہ کرنا

''مختلف دنوں میں پیدا ہونے والے بچوں کا ایک ہی دن عقیقہ کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔ (ص:۱۹۵)

= ⇦ فتح الباری، کتاب العقیقة،باب إماطة الأذی عن الصبی فی العقیقة، (۹/۵۹۵)، ط:دار المعرفة.

⇦ قال ابن الملک: یدل علی أن التضحیة تجوز عمن مات. (مرقاة المفاتیح، کتاب الصلاة،باب الأضحیة،الفصل الثانی،(۳/۵۱۵)، ط:رشیدیه).

⇦ وإن کان أحد الشرکاء ممن یضحی عن المیت جاز. (بدائع الصنائع، کتاب التضحیة، فصل أما شرائط جواز إقامة الواجب،(۵/۷۲)، ط:سعید).

☆......ب......☆

باپ بیٹے کو کچھ دے تو

اگر باپ اپنے نابالغ بیٹے کو کوئی چیز دینا چاہے تو صرف اتنا کہہ دینے سے ہبہ صحیح ہو جائے گا کہ میں نے اس کو یہ چیز دے دی، نابالغ بیٹے کے لیے قبضہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی، اور اگر بیٹا بالغ ہے تو صرف باپ کا کہنا کافی نہیں ہوگا بلکہ بالغ بیٹے کا اس چیز پر قبضہ کرنا بھی لازم ہوگا ورنہ ہبہ کا اعتبار نہیں ہوگا۔ ❶

باپ دادا نہیں

اگر باپ دادا نہیں ہیں اس وقت ماں یا بھائی وغیرہ بچہ کو کچھ دینا چاہیں، اور وہ بچہ ان کی پرورش میں بھی ہو تو صرف اتنا کہہ دینے سے بھی ہبہ (گفٹ) صحیح ہو جائے گا کہ میں نے اس کو یہ چیز دے دی، کسی کے قبضہ کرنے کی ضرورت نہیں۔ ❷

❶ وهبة الأب لابنه الصغير تتم بمجرد العقد) لأنها في يد الأب وهو الذي يقبض له فكان قبضه كقبضه ، وكل من يعوله في هذا كالأب ، ولو وهب لابنه الكبير وهو في عياله فلا بد من قبضه ، لأنه لا ولاية له عليه فلا يقبض له.(الاختيار لتعليل المختار، كتاب الهبة، (۴۹/۳)،ط:دارالكتب العلمية).

⇦(وهبة من له ولاية على الطفل في الجملة تتم بالعقد)

قوله:على الطفل)فلو بالغا يشترط قبضه،ولوفي عياله.(الدر المختار مع رد المحتار، كتاب الهبة،(۶۹۳/۵)، كتاب الهبة،ط:سعيد).

⇦ تبيين الحقائق، كتاب الهبة،(۹۵/۵، ۹۶)،ط:امداديه ملتان.

❷ (وهبة الأب لطفله تتم بالعقد ... والأم)ونحوها(كالأب عند غيبته غيبة منقطعة أو موته وعدم) الجد(وصيه)لأن وليه أحد هؤلاء الأربعة، وإن لم يكن في عيالهم،وعند عدمهم تقبض كل من يعوله، فلذا قال: (إن كان الطفل في عيالها وكذا)الحكم في (كل من يعول الطفل) .(الدر المنتقى مع المجمع،كتاب الهبة،(۳۹۶/۳)،ط:دارالكتب العلمية).

⇦(وهبة من له ولاية على الطفل في الجملة)وهو كل من يعوله، فدخل الأخ والعم عند عدم الأب لو في عيالهم (تتم بالعقد). (الدر المختار مع الرد، كتاب الهبة،(۶۹۳/۵)،ط:سعيد).

⇦ شرح المجلة لسليم رستم باز برقم المادة: ۸۵۱،الكتاب السابع:في الهبة،الباب الأول، =

باب عقیقہ کا گوشت کھا سکتا ہے

''عقیقہ کا گوشت سب کھا سکتے ہیں''عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۳۰)

باجا

شادی، نکاح، ختنہ اور عقیقہ وغیرہ میں کسی قسم کے باجے کی اجازت نہیں ہے، باجا بجانے سے ثواب کے بجائے الٹا گناہ ہوگا۔ ❶

بال

☆ ...... بچہ پیدا ہونے کے بعد ساتویں دن یا چودھویں دن یا اکیسویں دن عقیقہ کرنا مسنون ہے، ❷ ساتویں دن سے پہلے عقیقہ کرنا سنت کے خلاف

= (۱/۳۷۱)، ط: مکتبہ فاروقیہ۔

❶ عن جابر قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الغناء ينبت النفاق في القلب كما ينبت الماء الزرع. (مشكوة المصابيح، كتاب الآداب، باب البيان والشعر، الفصل الثالث، (ص: ۴۱۱)، ط: قديمي).

⇐ وقال النووي في الروضة غناء الإنسان بمجرد صوته مكروه وسماعه مكروه وإن كان سماعه من الأجنبية كان أشد كراهة والغناء بآلات مطربة هو من شعار شاربي الخمر كالعود والطنبور والصنج والمعازف وسائر الأوتار حرام وكذا سماعه حرام. (مرقاة المفاتيح، كتاب الآداب، باب الشعر والبيان، الفصل الثالث، (۹/۵۱)، ط: رشيديه).

⇐ روضة الطالبين وعمدة المفتين، كتاب الشهادات، (۱۱/۲۲۷)، ط: المكتب الإسلامي، دمشق.

❷ عن سمرة قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: الغلام مرتهن بعقيقته يذبح عنه يوم السابع، ويسمى، ويحلق رأسه والعمل على هذا عند أهل العلم يستحبون أن يذبح عن الغلام العقيقة يوم السابع، فإن لم يتهيأ يوم السابع فيوم الرابع عشر، فإن لم يتهيأ عق عنه يوم إحدى وعشرين. (جامع الترمذي، أبواب الأضاحي، باب ما جاء في العقيقة، (۱/۲۷۸)، ط: سعيد).

⇐ إعلاء السنن، كتاب الذبائح، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة، (۱۷/۱۱۶)، ط: ادارة القرآن.

⇐ عمدة القاري، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، (۲۱/۱۳۰)، ط: دار الكتب العلمية.

ہے[1] اور بالوں کے برابر وزن کر کے چاندی یا اس کی قیمت غریبوں کو صدقہ کر دینا مستحب ہے۔[2]

مذکورہ چاندی یا اس کی قیمت بال کاٹنے والے نائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں ہے۔[3]

☆......ان بالوں کو زمین میں دفن کر دینا مستحب ہے۔[4]

---

[1] (ويسن) سنة مؤكدة (أن يعق عن) الولد بعد تمام انفصاله......لاقبله. (تحفة المحتاج مع حواشي الشرواني، كتاب الأضحية، فصل في العقيقة، (۳۵۸/۹)، ط: دار إحياء التراث العربي).

⇦ (ص) في سابع الولادة (ش) هذا متعلق بالمصدر وهو ذبح، والمعنى أن وقت ذبح العقيقة في يوم سابع الولادة لاقبله اتفاقا. (حاشية الخرشي على مختصر خليل، باب الأضحية، (۳/ ۴۱۰)، ط: دار الكتب العلمية).

⇦ المجموع شرح المهذب، كتاب الحج، باب العقيقة، (۴۰۶/۸)، ط: مكتبة الإرشاد.

[2] [3] عن أبي رافع قال: لما ولدت فاطمة حسنا قالت: ألا أعق عن ابني بدم؟ قال: لا، ولكن احلقي رأسه ثم تصدقي بوزن شعره من فضة على المساكين أو الأوفاض، وكان الأوفاض ناسا من أصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم محتاجين في المسجد، أو في الصفة، وقال أبو النضر: من الورق على الأوفاض - يعني أهل الصفة - أو على المساكين ففعلت ذلك، قالت: فلما ولدت حسينا فعلت مثل ذلك. (المسند للإمام أحمد بن حنبل، رقم الحديث: ۲۶۶۳۲ مسند أبي رافع رضي الله عنه، (۵۳۷/۷)، ط: دار إحياء التراث العربي بيروت).

⇦ السنن الكبرى للبيهقي، كتاب الضحايا، باب ماجاء في التصدق بزنة شعره فضة وما تعطى القابلة، (۳۰۴/۹)، ط: اداره تاليفات اشرفيه.

⇦ كنز العمال، رقم الحديث: ۴۵۴۰۳، حرف النون، الباب السابع، الفصل الثاني في العقيقة، (۱۶/ ۴۳۵)، ط: مؤسسة الرسالة.

[4] ويستحب أن يدفن الشعر. (الاختيار لتعليل المختار، كتاب الحج، (۱/ ۱۵۴)، ط: دار الكتب العلمية).

⇦ فإذا قلم أظفاره أو جز شعره ينبغي أن يدفن ذلك الظفر والشعر المجزوز. (الفتاوى الهندية، كتاب الكراهية، الباب التاسع عشر في الختان والخصاء وحلق المرأة شعرها...... إلخ، (۳۵۸/۵)، ط: رشيديه).

⇦ الخانية على هامش الهندية، كتاب الحظر والإباحة، فصل في الختان، (۴۱۱/۳)، ط: رشيديه.

☆...... بالغ ہونے کے بعد عقیقہ کرنے کی صورت میں لڑکیوں کے بال کٹوانا جائز نہیں ہے ❶ البتہ لڑکوں کے بال کٹوانے میں کوئی حرج نہیں ہے اور ضروری بھی نہیں ہے کیونکہ اب تک پیدائش کے وقت والے بال کاٹ چکا ہوگا۔ ❷

بال اور بالغہ لڑکی

بالغہ لڑکی کا عقیقہ کرتے وقت اس کے بال نہیں کٹوائے جائیں گے۔ ❸

---

❶ عن علي وعائشة رضي الله عنهما قالا: نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن تحلق المرأة رأسها. رواه الترمذي.(مشكاة المصابيح، كتاب المناسك،باب الحلق ،الفصل الثاني،(ص:۲۳۳)،ط:قديمي).

⇐ نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم أن تحلق المرأة رأسها)أي في التحلل،أو مطلقا إلا لضرورة .(مرقاة المفاتيح،كتاب المناسك، باب الحلق، الفصل الثاني،(۵/۵۵۷)، ط:رشيديه).

⇐ قطعت شعر رأسها أثمت ولعنت زاد في البزازية وإن بإذن الزوج،لأنه لاطاعة لمخلوق في معصية الخالق.(الدر مع الرد، كتاب الحظر والإباحة،فصل في البيع،(۶/۴۰۷)، ط:سعيد).

❷ ويستحب حلق رأس المولود يوم سابعه.(إعلاء السنن، كتاب الذبائح،باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة،(۱۷/۱۱۹)،ط:ادارة القرآن).

⇐ المجموع شرح المهذب، كتاب الحج،باب العقيقة،(۸/۴۱۳)، ط:مكتبة الإرشاد.

⇐ تحفة المودود بأحكام المولود،الباب السابع في حلق رأسه والتصدق بوزن شعره، (ص:۷۷)،ط:دار الكتاب العربي بيروت.

⇐ هاهنا اربعة امور تتعلق بالسابع:عقيقته وحلق رأسه وتسميته وختانه، فالأولان مستحبان في اليوم السابع اتفاقا.(تحفة المودود بأحكام المولود، الباب السادس:العقيقة وأحكامها، الفصل الثاني والعشرون في حكم اختصاصها بالأسابيع،(ص:۷۶)،ط:دار الكتاب العربي، بيروت).

❸ أنظر رقم الحاشية:(۱).

اور بالوں کے وزن کا اندازہ کر کے چاندی صدقہ کردی جائے گی،❶ اور بکری ذبح کر کے کچا گوشت یا پکا کر غرباء مساکین اور دوست احباب کو تقسیم کردیا جائے گا،❷ اور یہ گوشت خود یہ گھر والے بھی کھاسکیں گے۔❸

بال ایک ملک میں اتارنا اور جانور کسی اور ملک میں ذبح کرنا

''عقیقہ کا جانور منی میں ذبح کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(ص:۱۲۲)

❶ وندب التصدق بزنة شعره ذهبا أو فضة، فإن لم يحلق رأسه تحرى زنته. (حاشية الدسوقي على الشرح الكبير، كتاب الضحايا،(۲/۳۹۸)، ط:دار الكتب العلمية).

⇦ الموسوعة الفقهية، حرف الشين، شعر الميت، حلق شعر المولود،(۲٦/۱۰۷)، ط:دار الصفوة.

⇦ وقال الدردير: ندب التصدق بزنة شعره ذهبا أو فضة، فإن لم يحلق رأسه تحرى زنته، انتهى. (أوجز المسالك، كتاب العقيقة، قبيل باب العمل في العقيقة،(۱۰/۱۸۳)، ط:دار القلم، دمشق.

❷ يستحب لمن ولد له ولد أن يسميه يوم أسبوعه ويحلق رأسه ...ثم يعق عند الحلق عقيقة إباحة على ما في الجامع المحبوبي، أو تطوعا على ما في شرح الطحاوي، وهي شاة تصلح للأضحية تذبح للذكر والأنثى سواء فرق لحمها نيا أو طبخه بحموضة أو بدونها مع كسر عظمها أو لا. (شامي، كتاب الأضحية،(٦/۳۳٦)، ط:سعيد).

⇦ بذل المجهود، كتاب الضحايا، باب العقيقة،(۱۳/۷۹)، ط:دار الكتب العلمية.

⇦ حاشية الدسوقي على الشرح الكبير، كتاب الضحايا،(۲/۳۹۸)، ط:دار الكتب العلمية.

❸ وعن عطاء قال: يأكل أهل العقيقة ويهدونها......فإن أهل العقيقة هم الأبوان أو لأنهم سائر أهل البيت. (إعلاء السنن، كتاب الذبائح، باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة،(۱۷/۱۲٦، ۱۲۷)، ط:ادارة القرآن).

⇦ ويأكل أهلها من لحمها ويتصدقون منها. (أوجز المسالك، كتاب العقيقة، (۱۰/۱۹۸)، ط:دار القلم، دمشق).

⇦ ويستحب أن يأكل منها ويتصدق ويهدي كما قلنا في الأضحية. (المجموع شرح المهذب، كتاب الحج، باب العقيقة،(۸/۴۱۱)، ط:مكتبة الإرشاد).

⇦ ''بڑی عمر میں عقیقہ'' عنوان کے تحت تخریج دیکھیں۔

بالغہ کا عقیقہ اور اس کے بالوں کا حکم

اگر بالغہ لڑکی کا عقیقہ پہلے نہیں ہوا تو بالغ ہونے کے بعد جانور ذبح کر کے عقیقہ کرنا درست ہے البتہ بالغہ لڑکی کے بال کاٹنے کی اجازت نہیں ہوگی، عقیقہ کے لیے بکری ذبح کر کے کچا گوشت یا پکا کر غربا، مساکین اور دوست واحباب کو تقسیم کر دیا جائے۔ ❶

بالغ ہونے کے بعد بھی عقیقہ کرنے میں حکمت

اگر کسی کا عقیقہ بالغ ہونے سے پہلے نہیں ہوا تو بالغ ہونے کے بعد کر لینا چاہیے اس بارے میں حضرت علامہ انور شاہ کشمیری رحمہ اللہ نے یہ حکمت بیان فرمائی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بندہ کو جان سے نوازا ہے، اس کا تقاضا یہ ہے کہ بندہ بھی جان کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے، یہی حکمت قربانی کی بھی ہے یہی وجہ ہے کہ قربانی اور عقیقہ کے جانور کے اعضاء کا سالم ہونا ضروری ہے البتہ قربانی سالانہ عبادت ہے اور عقیقہ عمر بھر میں ایک بار کرنے والی عبادت ہے۔ ❷

بالغ ہونے کے بعد عقیقہ کرنا

بچے کے بالغ ہونے تک اس کا عقیقہ کرنا والدین کی ذمہ داری ہے، اس

---

❶ "بالغ ہونے کے بعد عقیقہ کرنا" اور "بڑی عمر میں عقیقہ" دونوں عنوانات کے تحت تخریج دیکھیں۔

❷ ثم إن الترمذي اجاز بها إلى يوم إحدى وعشرين. قلت: بل يجوز إلى ان يموت، لما رأيت في بعض الروايات أنّ النبيّ صلى الله عليه وسلّم عقّ عن نفسه بنفسه. والسر في العقيقة أنّ الله أعطاكم نفساً، فقربوا له أنتم أيضاً بنفس. وهو السر في الأضحية. ولذا اشترطت سلامة الأعضاء في الموضعين، غير أن الأضحية سنوية، وتلك عمرية. (فيض الباري شرح صحيح البخاري، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، (۴/۳۳۷)، ط: رشيديه).

کے بعد والدین کی ذمہ داری ختم ہو جاتی ہے لیکن بالغ ہونے والا خود اپنی طرف سے عقیقہ کرسکتا ہے۔❶ اسی طرح اگر کوئی دوسرا شخص اس کی طرف سے کر لے تو اس میں بھی ممانعت نہیں ہے۔❷

بعض ضعیف روایات میں آتا ہے کہ نبی علیہ السلام نے نبوت ملنے کے بعد اپنی طرف سے عقیقہ کیا ہے❸ اور سلف صالحین سے بھی بالغ ہونے کے بعد

---

❶ والاختيار أن لاتؤخر عن البلوغ فإن أخرت عن البلوغ سقطت عمن كان يريد أن يعق عنه لكن إن أراد أن يعق عن نفسه فعل ......

ونقل عن نص الشافعي في البويطي أنه لايعق عن كبير وليس هذا نصا في منع أن يعق الشخص عن نفسه بل يحتمل أن يريد أن لايعق عن غيره إذا كبر، وكأنه أشار بذلك إلى أن الحديث الذي ورد أن النبي صلى الله عليه وسلم عق عن نفسه بعد النبوة لايثبت وهو كذلك...... إلخ. (فتح الباري، كتاب العقيقة، باب إماطة الأذى عن الصبي في العقيقة، (٥٩٥/٩)، ط: دار المعرفة)

⇦ أوجز المسالك، كتاب العقيقة (١٧٩/١٠)، ط: دار القلم، دمشق.

⇦ المجموع شرح المهذب، كتاب الحج، باب العقيقة (٨/٢١١، ٢١٢)، ط: مكتبة الإرشاد.

⇦ وأخبرني عبدالملك في موضع آخر أنه قال لأبي عبدالله: يعق عنه كبيرا، قال: لم أسمع في الكبير شيئا، ثم قال لي: ومن فعله فحسن. (تحفة المودود بأحكام المولود، الباب السادس في العقيقة وأحكامها، الفصل التاسع عشر: في حكم من لم يعق عنه أبواه هل يعق نفسه إذا بلغ؟ (ص: ٧٣)، ط: دار الكتاب العربي).

⇦ ولاتختص العقيقة بالصغر، فيعق الأب عن المولود، ولو بعد بلوغه، لأنه لا آخر لوقتها. (الفقه الإسلامي وأدلته، الباب الثامن: الأضحية والعقيقة، الفصل الثاني: العقيقة وأحكام المولود، المبحث الأول: ......٣: وقتها، (٢٧٤٨/٣)، ط: دار الفكر، بيروت).

⇦ وقال الشوكاني: في عقه صلى الله عليه وسلم عن الحسن والحسين رضي الله عنهما...... دليل على أنها تصح العقيقة من غير الأب مع وجوده، و عدم امتناعه. (أوجز المسالك، كتاب العقيقة، (١٧٧/١٠)، ط: دار القلم، دمشق).

⇦ نيل الأوطار، رقم الحديث: ٢١٤٧، كتاب العقيقة وسنة الولادة، (١٦٠/٥)، ط: دار الحديث، مصر.

❷❸ عن أنس رضي الله عنه قال: عق رسول الله صلى الله عليه وسلم عن نفسه بعد ما بعث بالنبوة. (مصنف عبدالرزاق، رقم الحديث: ٧٩٦٠، كتاب العقيقة، باب العقيقة، (٣٢٩/٣)، ط: إدارة القرآن).=

عقیقہ کا جواز اور ترغیب ثابت ہے۔ ❺

☆...... بالغ ہونے کے بعد عقیقہ کرنے کی صورت میں لڑکیوں کے بال کٹوانا جائز نہیں ہے البتہ لڑکوں کے بال کٹوانے میں کوئی حرج نہیں اور ضروری بھی نہیں۔ ❻

بال مخصوص جگہ پر اتروانا

بعض لوگ نوزائیدہ بچے کے بال کو مخصوص جگہ پر اتروانے کو لازم سمجھتے ہیں اور بکرے کی قربانی بھی وہاں جا کر کرتے ہیں، یہ باتیں شریعت سے ثابت نہیں ہیں ان کو ترک کرنا ضروری ہے۔ ❼

= ⇐ عن أنس أن النبي صلى الله عليه وسلم عق عن نفسه بعد مابعث نبيا.(مجمع البحرين (۳۳٦/۳)،رقم الحديث:۱۹۱۸،كتاب الوليمة والعقيقة،باب زمن العقيقة،ط:مكتبة الرشد،الرياض).

⇐ قال أحمد عبدالله بن المحرر،عن قتادة،عن أنس،أن النبي صلى الله عليه وسلم عق: "منكر" وضعف عبدالله بن محرر ... قال عبدالرزاق:إنما تركوا ابن محرر لهذا الحديث. (تحفة المودود بأحكام المولود،الباب السادس في العقيقة وأحكامها،الفصل التاسع عشر: في حكم من لم يعق عنه أبواه هل يعق نفسه إذا بلغ؟،(ص:۷۳)،ط:دار الكتاب العربي).

❶ عن محمد قال: لو أعلم أنه لم يعق عني لعققت عن نفسي.(مصنف ابن أبي شيبة،رقم الحديث:۲۴۳٦،(۱۱۳/۵)،ط:مكتبة الرشد،الرياض).

⇐ عن الربيع بن صبيح عن الحسن البصري إذالم يعق عنك فعق عن نفسك وإن كنت رجلا. (إعلاء السنن،كتاب الذبائح،باب أفضلية ذبح الشاة في العقيقة،(۱۲۱/۱۷)،إدارة القرآن).

⇐ ويسن أن يعق عن نفسه من بلغ ولم يعق عنه (تنقيح الفتاوى الحامدية،(۲۳۳/۲)، ط:امدادیه).

⇐ أنظر رقم الحاشية: ۱، ۲ على الصفحة السابقة تحت عنوان:بال.

❻ گزشتہ صفحہ کے حاشیہ نمبر ٦، ۷ دیکھیں۔

❼ ومنها: التزامات الكيفيات والهيئات المعينة، كالذكر بهيئة الاجتماع على صوت واحد واتخاذ يوم ولادة النبي صلى الله عليه وسلم عيدا،وما أشبه ذلك.=

بالوں کو دفن کرنا

عقیقہ کے بالوں کو دفن کر دینا بہتر ہے۔ ❶

بچہ تکالیف ومصائب میں گھرا ہوا ہوتا ہے

جو بھی بچہ پیدا ہوتا ہے، مصائب، مشکلات، امراض اور بیماریاں اس کے ساتھ ہوتی ہیں، جب اس کی طرف سے جانور ذبح کر کے عقیقہ کیا جاتا ہے، اور سر کے بال منڈوا کر صاف کر دیئے جاتے ہیں تو وہ بچہ مصائب اور تکالیف سے

= ومنها: التزام العبادات المعينة في أوقات معينة لم يوجد لها ذلك التعيين في الشريعة. (الاعتصام للشاطبي، الباب الأول في تعريف البدع وبيان معناها، (ص: ۲۵)، ط: دار الكتاب العربي).

